آئینہ پکچرز کا بہترین و نایاب نیا ڈرامہ

गुमाश्ता

گماشتہ

اداکار:- نگار۔ واسطی۔ کلدیپ۔ حسن بانو۔ گوپ۔ وغیرہ وغیرہ

(قیمت ۱؍)

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گماشتہ کے گانے

دِل دیدو یا دِل لیجاؤ یا یہ کردیادہ کرد

اِک پل کو آنکھ ملاتے ہو مسکاتے ہو چلے جاتے ہو
نازک ہے جیا بیدرد پیا کیوں اتنا ہمیں تڑپاتے ہو
کیا مرضی تمہاری بتلاؤ۔ دِل دیدو یا دِل لیجاؤ۔ یا یہ کردیادہ کرو۔۔۔
آنکھیں مل کے جھک جاتی ہیں شرماتی ہیں گھبراتی ہیں
کچھ کہنے سے رہ جاتی ہیں۔ ڈر جاتی ہیں رُک جاتی ہیں
کیا کہتی ہیں آنکھیں سمجھاؤ۔ دِل دیدو یا دِل لیجاؤ۔ یا یہ کردیادہ کرو۔۔
بھولی معصوم جوانی ہے دیوانی ہے مستانی ہے
بیتاب رہوں میں کیسے کیا۔ یہ بات مجھے سمجھانی ہے
کیا کہتی ہو ظالم بتلاؤ۔ دِل دیدو یا دل لیجاؤ۔ یا یہ کردیادہ کرو۔۔۔

نمبر ۲

عشق بسے ہے شہر میں اور حُسن بسے ہے گاؤں میں
اِک پیار بھرا دِل رکھ دوں میں گوری تیرے پاؤں میں
اِک بار ادھر بھی تک تک تک۔ دِل کرنے لگا ہے دھک دھک
انجام ہمارا کیا ہوگا۔
سائیکل میں شلوار الجھ گئی نیتوں میں بین
بڑے ہی بیہودہ گستاخ ہیں یہ شہر کے جنٹلمین

ایک اپنا فوٹو لے لینے دے او گاؤں کی لیلے
گاؤں کی لیلے کے ہاتھوں پٹ جائیں نہ شہر کے چھیلا
ہم نہیں سنیں گے یہ بک بک بک ۔ اِکبار ادھر بھی تک تک تک ۔ دِل ....
انجام تمہارا یہ ہوگا کہ سر پہ پڑینگے ڈنڈے
ارمان تمہارے اک ڈنڈے میں ہو جائینگے ٹھنڈے
ہم بھونرے ہیں رس کے لوبھی پھولوں سے اُلفت کرتے ہیں
پھول سے گا کانٹا لیجئے حاضر ہے ایک چانٹا
تیری قسم مزہ آگیا تیرے ہاتھ نہ جائیں ٹھک ٹھک ٹھک ۔ اکبار ....
انجام ہمارا کیا ہوگا ۔ انجام تمہارا یہ ہوگا
پیڑ سے یہ بندھے پڑے ہیں ضرور کوئی بات ہے
پہلی مُلاقات ہے یہی پہلی مُلاقات ہے
چپل اچھی لگتی ہے یا سینڈل تم کو بھلئے ہے
او پردیسی پیا تو کس قسم کا جوتہ کھائے ہے
میری چپل چمکدار میری سینڈل تلے دار
میری سلیپر دھار دار ۔ میری سینڈل مزیدار
اِن نازک جوتوں کا کچھ ان پہ ہوگا نہیں اثر
آئے مزہ جو ہے انہیں کا جوتہ انہیں کے سر
ذرا جوتہ دے ٹھک ٹھک ٹھک ۔ معاف کردی بس بس بس
پہلا قصور ہے معاف کیا ۔ کھول دو انہیں آزاد کیا

او دُور جانے والے جُونہ نہ بھُول جانا۔ اُلفت ہی نئی نئی ہے جو تہ مگر پُرانا
یہ کس کا ہے جونہ تنک تنک تنک ۔ اکبار ادھر بھی تنک تنک تنک
دِل کرنے لگا ہے ......

نمبر ۳

میرے دلکی دُنیا میں ہلچل مچا دی ۔ محبت جتا کر محبت جگا دی !!
کچھ ایسا میرے دلکو تڑپا گئے وہ ۔ محبت کی زنجیر پہنا گئے وہ
مجھے دِل لگی کی یہ سزا دی ۔ میرے دلکی ...
وہ آئیں جو واپس تو پوچھوں میں اُن سے
یہ کیا کھیل کھیلا میری زندگی سے
کہ دِل نے محبت کی بازی لگا دی ۔ میرے دِلکی ......
بہت میں نے دلکو سنبھالا بچایا ۔ جو دلمیں تڑپ رہی تھی اُسے بجھایا
مگر ہار کر میں نے گردن جھکا دی ۔ میرے ......

نمبر ۴

دِل ناچے اور گائے جوانی ۔ کون تلا ۔ گُنتلا ۔ گُنتلا ۔ گُنتا
جھوم جھوم اٹھلائے جوانی ۔ گائے جوانی ۔ کون تلا ....
گھوم گھوم لہرائے جوانی ۔ گائے جوانی ۔ کون تلا ....
میری آنکھیں دو پیمانے ۔ پیلے پیلے میرے دیوانے
زُوم جھوم بل کھاتے جوانی ۔ گائے جوانی ۔ کون تلا ....
دِل ناچے ....

نمبر ۵

وہ چلے جائیں محبت کا یہ دستور نہیں ۔ جاتے جاتے جو پلٹ آئیں تو کچھ دور نہیں
یہی اپنی راحت یہی زندگی ہے
تمہاری خوشی میں ہماری خوشی ہے
وہ جاتے ہیں جائیں ہیں ہوں ساتھ ان کے
دعا میرے قدموں سے لپٹی ہوئی ہے
وہ ہیں سامنے جگمگاتے ہیں ارماں ۔ ہماری محبت کی دنیا یہی ہے

نمبر ۱۸

تیرا گورا گورا گال ہم کو ایک دم پسند ہے
تیرا ہونٹ لال لال ہم کو ایک دم پسند ہے
یہ لپ اسٹک کی لالیاں توبہ ہے توبہ ہے
یہ آنکھیں چائے کی پیالیاں توبہ ہے توبہ ہے
یہ لندن کا مال ہم کو ایک دم پسند ہے ۔ تیرا گورا گورا ......
ہوا ہے یا نہیں ہوا شادی آپکا ۔ میری شادی نہیں ہوا تھا میرے باپ کا
ہم ایکدم کنوارا ہے ایکدم کنوارا ہے
بنڈل تو نہیں مارا ہے ۔ نہیں نہیں
تمہاری دیکھ چال ہم کو ایک دم پسند ہے
تیرا گورا گورا ....
ذرا ہم سے دور رہیئے جی یہ جل بھرایا مال ہے

ایسا نہ کہو ہم صاحب ہمارا بُرا حال ہے
تمہارا بُرا حال ہم کو ایک دم پسند ہے۔ تیرا گورا گورا.....
تیری نظر تو میرے گورے مکھڑے پر نثار ہے
لیکن پتی ہمارا کتنا ہے ہم ایک دم گنوار ہے
گدھا ہے بیوقوف ہے
کہاں ہے یہ خبر اُس بے ایمان کی
بھلا گدھا کیا جانے قدر زعفران کی
تمہارا یہ خیال ہمکو ایک دم پسند ہے
تمہارا انتقال ہم کو ایک دم پسند ہے۔ تیرا.....

نمبر ۷

محبت دلوں سے جُدا ہوگئی ہے - یہ دُنیا بڑی بے وفا ہوگئی ہے
بھلائی کا اپنی صلہ پا رہے ہیں • کہ ہم غم کے مارے مٹے جا رہے ہیں
وفاؤں کی قیمت ادا ہوگئی ہے۔ یہ دُنیا.....
عجیب کروٹیں لے رہا ہے زمانہ - بنی زندگی موت کا اِک بہانہ
مصیبت کی یہ انتہا ہوگئی ہے۔ یہ دُنیا.....
یہ ننھی سی جاں رنج سہہ نہ سکے گی۔ جو بیتے گی دل پہ یہ کہہ نہ سکے گی
خطا ہم سے بھگوان کیا ہوگئی ہے۔ یہ دُنیا.....

(ختم شد)

حسین کشیدہ کاری

لڑکیوں بچیوں کو کڑھائی کا کام سکھانے والی یہ ایک لاجواب کتاب ہے۔ جس میں سینکڑوں قسم کی بیلیں اور بوٹوں کے ڈزائن۔ چادر۔ کرتے میزپوش۔ قمیص۔ پاجامے۔ تکیے وغیرہ کاڑھنے کے عجیب عجیب نقش ونگار چھاپے گئے ہیں۔ ایک سے ایک خوبصورت ڈزائن اس میں آپ کو ملے گا۔ کاربن پیپر کے ذریعہ آپ کپڑوں پر اتار کر کاڑھ سکتی ہیں۔ ایسی لاجواب کتاب بہت مشکل ہی سے ملتی ہے۔ بہت تھوڑی جلدیں باقی ہیں۔ قیمت باوجود ان تمام خوبیوں کے نہایت مناسب رکھی گئی ہے۔ تاکہ ضرورت مندوں کے پاس آسانی سے پہنچ سکے

قیمت صرف 2/8/- محصولڈاک -/8/-

ملنے کا پتہ:۔

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)